## مینگورہ میں خودکش دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے،الطاف حسین
## خودکش بم دھماکے میں متعدد افراد کی شہادت اورزخمی پر اظہار افسوس

لندن۔۔۔15،جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مینگورہ جنرل بس اسٹینڈ پرخودکش بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس میں متعدد افراد کی ہلاکت اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ مینگورہ جنرل بس اسٹینڈ پرخودکش بم دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے اوراس میں ملوث دہشت گرد کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔پاکستان کے فوجی جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دیکرسوات اور مینگورہ میں امن قائم کردیا جس کے بعد وہاں عوام اپنے آپ کو محفوظ تصور کرنے لگے ہیں دہشتگرد اپنے بزدلانہ کاروائی سے پاکستان کے عوام کے حوصلے پست نہیں کرسکتے۔انہوں نے کہا کہ جوعناصر اپنے گھناؤنے مقاصد کیلئے بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلارہے ہیں وہ انسان کہلانے کے مستحق نہیں ہیں۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ مینگورہ جنرل بس اسٹینڈ ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزادی جائے اورخودکش بم دھماکے میں شہید ہونے والے افرد کے اہل خانہ کو فوری طور پر معاوضہ ادا کیا جائے اورزخمیوں کی علاج ومعالجے کی سہولیت فراہم کی جائے۔جناب الطاف حسین نے خودکش بم دھماکے میں ہلاک ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اورزخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔

## بلوچستان نوکنڈی میں مسافرکوچ اورٹرک میں تصادم کے نتیجے میں متعدد افراد کی ہلاکت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔15/جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بلوچستان کے علاقے نوکنڈی میں مسافرکوچ اورٹرک کے خوفناک تصادم کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے حادثے میں ہلاک ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورکہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے اللہ تعالیٰ حادثے میں ہلاک ہونے والے تمام افراد کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں،سوسوگواران صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)جناب الطاف حسین نے حادثے کے زخمیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## ایم کیوایم ابراہیم حیدری کے یونٹ انچارج جعفر عالم کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔15/جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ابراھیم حیدری سیکٹر یونٹ علی اکبر شاہ گوٹھ کے یونٹ انچارج جعفر عالم کی شہادت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب االطاف حسین نے شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورکہا کہ دکھ اس گھڑی میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارن کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

## مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم ابراہیم حیدر سیکٹر یونٹ علی اکبر شاہ گوٹھ کے یونٹ انچارج جعفر عالم کو فائرنگ کرکے شہید کردیا
## جعفر عالم کا بہیمانہ قتل شہر کا امن خراب کرنے کی سازش کا تسلسل ہے،رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت

کراچی۔۔۔15جولائی2010ء

مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم ابراہیم حیدر سیکٹر یونٹ علی اکبر شاہ گوٹھ کے یونٹ انچارج جعفر عالم کو فائرنگ کرکے شہید کردیا۔تفصیلات کے مطابق جعفر عالم اپنے آفس کے سامنے بیٹھے تھے کہ تقریباً چھ نقاب پوش دہشت گردں نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کردی جسے کے باعث وہ شدید زخمی ہوگئے انہیں طبّی امداد کیلئے فوری طور پر اسپتال لیجایا گیا لیکن وہ راستے میں ہی اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔شہید کو متعدد گولیاں لگیں انکی عمر28برس تھی اوروہ شادی شدہ تھے،شہید کے پسماندگان میں بیوہ،دوبچے والدہ اور چھ بھائی بہنیں ہیں،شہید کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں اورسسکیوں میں علی اکبر شاہ گوٹھ کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا،شہید کی نماز جنازہ وتدفین میں حق پرست صوبائی وزیر شیخ افضل،کے ایم اوسی کے انچارج فرخ اعظم واراکین،مقامی سیکٹر ونٹ کے ذمہ داران وکارکنان اورشہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

علاوہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے جعفر عالم کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا کہ جعفر عالم کے قاتلوں کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔ اپنے بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض امن دشمن قوتوں کو شہر کا امن ایک آنکھ نہیں بھار ہا اور وہ ایم کیوایم کے معصوم کارکنان کو دہشت گردی کا نشانہ بنا رہے ہیں جعفر عالم کا بہیمانہ قتل بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جنوری 2010ء سے 14 جولائی 2010ء کے عرصے میں ایم کیوایم کے 95 ذمہ داران وکارکنان کو بے دردی سے شہید کیا جاچکا ہے تاہم آج تک ایک بھی قاتل گرفتار نہیں کیا جاسکا جو پولیس وانتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری ، وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی ، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک ، گورنرسندھ ڈاکٹر عشرت العباد ، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ ابراہیم حیدری میں مسلح دہشت گردوں کی جانب سے یونٹ انچارج جعفر عالم کے بہیمانہ قتل کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور قتل کی واردات میں ملوث دہشت گردوں کو جلد از جلد گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔ رابطہ کمیٹی نے جعفر عالم شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جعفر عالم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل عطا کرے۔

## ایم کیوایم کے مرکزی شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کا افتتاح کل ہوگا

## افتتاحی تقریب سے الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔15/جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے مرکزی شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کا افتتاح کل بروز جمعہ کی شام 6 بجے ہوگا۔ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین افتتاحی تقریب سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ افتتاحی تقریب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست عوامی نمائندے اور ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان کے علاوہ دانشور، کالم نگار ، پرنٹ والیکٹرونک میڈیا کے نمائندگان ، فوٹو گرافرز اور معززین شہر بھی شرکت کریں گے۔ ایم کیوایم کی جانب سے شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کے افتتاح کے سلسلے میں تمام تیاریوں کو حتمی شکل دی گئی۔

## سندھ ریٹائرڈ ایمپلائیز ویلفیئر فورم کے وفد کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔15/جولائی 2010ء

ریٹائرڈ پرنسپلز، پروفیسرز، ٹیچرز پر مشتمل آل سندھ ریٹائرڈ ایمپلائیز ویلفیئر فورم کے وفد نے گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر سید شعیب احمد بخاری سے ملاقات کی اور انہیں ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن میں اضافہ نہ جانے کے باعث پائی جانے والی بے چینی سے آگاہ کیا اور ایم کیوایم سے مدد کی اپیل کرتے ہوئے تحریری گذارشات پیش کی۔ وفد میں پروفیسر سید طاہر علی جعفری، پروفیسر ایم اے قدوس، پروفیسر نجم الاسلام، پروفیسر خورشید احمد، محمد اقبال اور عقیل احمد خان کے علاوہ دیگر بھی شامل تھے۔ مہمان وفد نے سید شعیب احمد بخاری کو بتایا کہ وفاقی حکومت نے حالیہ بجٹ میں ریٹائرڈ ملازمین کی پنیشن میں پندرہ سے بیس فیصد اضافہ کیا ہے اور پنجاب، خیبر پختونخوا، بلوچستان، آزاد کشمیر اور بلتستان کے بجٹ میں یہ اضافہ موجود ہے لیکن واحد صوبہ سندھ ہے جس کے بجٹ میں ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن میں اضافہ نہیں جس سے سندھ کے ریٹائرڈ ملازمین میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے۔ سید شعیب احمد بخاری نے وفد کی گذارشات سے سنا اور کہا کہ ایم کوایم ریٹائرڈ ملازمین کے جائز حق کیلئے ہر سطح پر آواز حق بلند کرے گی۔ انہوں نے وفد کے ارکان کو ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

## واسع جلیل اور حق پرست صوبائی وزراء نے کراچی پریس کلب کا دورہ کیا

کراچی۔۔۔14 جولائی 2010ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور مرکزی شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے گزشتہ روز کراچی پریس کلب اور کراچی یونین آف جرنلسٹس کے دفتر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ صوبائی وزراء فیصل سبزواری، خالد عمر، زبیر احمد اور اظہار الحسن کے علاوہ مرکزی شعبہ اطلاعات کے جوائنٹ انچارج قمر منصور بھی موجود تھے۔ اس سے قبل جب واسع جلیل دیگر وزراء اور ذمہ داران کے ہمراہ کراچی پریس کلب پہنچے تو کراچی یونین آف جرنلسٹس کے سیکریٹری حسن عباس اور دیگر ارکانِ کلب نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ انہوں نے کئی گھنٹے کراچی کراچی پریس کلب اور کے یو جے کے دفتر میں گزارے اور صحافیوں سے ان کے ذاتی و پیشہ ورانہ مسائل کے علاوہ کراچی پریس کلب اور کراچی یونین آف جرنلسٹس کی موجودہ صورتحال پر خصوصی طور پر تبادلہ خیال کیا اور تفصیلات معلوم کیں۔ واسع جلیل صحافیوں کی تجاویز انتہائی غور سے سنیں اور تقریباً تمام ہی تجاویز سے مکمل اتفاقِ رائے کرتے ہوئے ہر ممکن تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ ماضی کے برعکس ایم کیوایم صحافی برادری خصوصاً اپنے ہمدرد کو تنہا نہیں چھوڑے گی اور اچھے برے وقت میں ہمہ وقت

ساتھ رہے گی جبکہ صحافیوں کا حق پرست صحافت کے مشن و مقصد کو آگے بڑھانے کا عزم انتہائی خوش آئند ہے۔صحافی اپنے فرائض بلا کسی خوف خطر جاری رکھیں کسی مصلحت یا خوف کا ہرگز شکار نہ ہوں۔

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی نثار پنہور کی چانڈیو برادری اور معرخانی پانڈیو برادری سے ملاقات

کراچی۔۔۔15/جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن سندھ اسمبلی نثار احمد پنہور نے اندرون سندھ کے شہر قمبر شہدادکوٹ کی مغیری چانڈیو برادری اور معرخانی چانڈیو برادری کے افراد سے ملاقات کی اور انہیں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے امن کا پیغام پہنچایا اور انہیں پرامن رہنے کی تلقین کی۔انہوں نے دونوں برادریوں کے درمیان ہونے والے تنازعے کو ختم کرواتے ہوئے ہلاکتوں پر بھی گہری تشویش کا اظہار کیا اور تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے تمام مرحومین کی مغفرت ،ان کے درجات کی بلندی اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی۔اس موقع پر ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ زونل کمیٹی کے ارکان اور سیکٹرز و یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔

## اچھی صحت اور تعلیم بہترین معاشرے کی ضمانت ہے، خواجہ اظہار الحسن

کراچی۔۔۔15/جولائی2010ء

حق پرست رکن سندھ اسمبلی ووزیراعلیٰ سندھ کے مشیر خواجہ اظہار الحسن نے کہا ہے کہ دکھی انسانیت کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے،متحدہ قومی موومنٹ بلاتفریق رنگ ونسل غریب عوام کو علاج معالجے کی جدید سہولیات کی فراہمی اور صحت مند معاشرے کے قیام کیلئے کوشاں ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم میڈیکل کمیٹی کے تحت عباسی شہید اسپتال میں پوسٹ گریجویٹ ٹرینی ڈاکٹرز کی محنت اور کاوشوں کے اعتراف میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔سیمینار میں ایم کیوایم میڈیکل کمیٹی کے اراکین،عباسی شہید یونٹ کے عہدیداران ،کارکنان کے علاوہ طب کے مختلف شعبوں سے وابستہ ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان نے شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے خواجہ اظہار الحسن نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ انسانیت کی خدمت کا درس دیا ہے ایم کیوایم دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت پر یقین رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت نے شعبہ طب پر بھرپور توجہ مرکوز رکھی ہے اور اس سلسلے میں بلاتفریق رنگ ونسل وزبان غریب عوام کو طبّی سہولیات کی فراہمی کیلئے ریکارڈ کام کیے ہیں جن میں جدید مشینری سے آراستہ ہسپتالوں کا قیام اور ان میں خدمات انجام دینے کیلئے خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف اور ٹیکنیکل اسٹاف کی تعیناتی شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ اچھی صحت اور تعلیم بہترین معاشرے کو جنم دیتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین نے شروع دن سے صحت وصفائی اور تعلیم کے حصول پر زور دیا ہے،شعبہ طب میں جدید سہولیات کی فراہمی اور ڈاکٹرز وپیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کے مسائل کا حل ایم کیوایم کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔انہوں نے عباسی شہید اسپتال کے پوسٹ گریجویٹ ٹرینی ڈاکٹرز کو مخاطب کرتے ہوئے ان کی محنت ،لگن اور کاوشوں کا اعتراف کیا اور کہا کہ وہ ڈاکٹری کے شعبے کو عوام کی فلاح وبہبود کیلئے وقف کردیں اور دن ورات دکھی انسانیت کی خدمت پر صرف کریں۔انہوں نے میڈیکل ایڈ کی مرکزی کمیٹی کے ارکان کو شاندار تقریب منعقد کرنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی اور ان کی کاوشوں کو سراہا۔

## صادق آباد میں زمیندار کی جانب سے بابا رحیم سمیت 7افراد کو نجی جیل میں قید کرنے کا نوٹس لیا جائے ،عبدالقادر خانزادہ اور اقبال محمد علی

کراچی۔۔۔15/جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی عبدالقادر خانزادہ اور اقبال محمد علی نے رحیم یار خان کی تحصیل صادق آباد میں زمیندار کی جانب سے 70 سالہ بابا رحیم اور اس کے خاندان کے 7افراد کو کئی سالوں نجی جیل میں قید رکھ کر بہیمانہ تشدد اور ظلم وستم کا نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی غیر جانبدار تحقیقات کراکے ملوث زمیندار قرار کو واقعی سزا دی جائے۔اپنے ایک مشترکہ بیان میں عبدالقادر خانزادہ اور اقبال محمد علی نے کہا کہ معصوم ہاریوں اور ان کے اہلخانہ پر ظلم وستم اور بہیمانہ تشدد کے واقعات جاگیردارانہ سوچ کی عکاسی ہیں جو ملک بھر کے باشعور عوام کیلئے تشویش کا باعث ہے۔قائد تحریک جناب الطاف حسین فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کرکے غریب عوام کو ان کے جائز حقوق فراہمی ،معاشرے میں باعزت شہری بنانے کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں اور بدکردار کلچر اور سوچ کے حوالے سے قوم میں شعور بیداری پیدا کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اب وہ وقت دور نہیں جب ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا مکمل خاتمہ ہوگا اور ملک میں غریب عوام کی حکمرانی قائم ہوگی۔انہوں نے کہا کہ صادق آباد میں زمیندار کی جانب سے بابا رحیم اور اس کے خاندان کے 7افراد نجی جیل میں قید کرکے بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔

عبدالقادر خانزادہ اور اقبال محمد علی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک اور حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ شہریوں کو جان و مال کا تحفظ فراہم کیا جائے اور صادق آباد کے واقعے کی مکمل تحقیقات کرائی جائے اور اس میں ملوث ذمیندار کو گرفتار قرار واقعی سزا دی جائے۔

## ایم کیو ایم میرپور خاص زون کے بزرگ کارکن عبدالکریم علالت کے باعث انتقال کر گئے، الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔15/جولائی 2010ء

ایم کیو ایم میرپور خاص زون ایلڈرز ونگ یونٹ 4/C کے کارکن عبدالکریم طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے، مرحوم کی عمر 60 سال تھی اور ان کے پسماندگان میں بیوہ، تین بیٹیاں اور ایک بیٹا شامل ہے۔ عبدالکریم گزشتہ کئی سالوں سے فالج کے مرض میں مبتلا تھے کہ طبیعت زیادہ خراب ہونے سے انتقال کر گئے۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم میرپور خاص زون کے بزرگ کارکن عبدالکریم کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین) علاوہ ازیں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی ایم کیو ایم میرپور خاص زون ایلڈرز ونگ کے کارکن عبدالکریم کے انتقال گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کی مغفرت، ان کے درجات کی بلندی اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

## جاپانی سفارتکاروں کا دورہ نائن زیرو ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔15/جولائی 2010ء

جاپانی کی وزارت خارجہ کے ڈائریکٹر برائے جنوبی ایشاء جناب HIROSHI TAJIMA ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو آباد کا دورہ کیا ان کے ہمراہ کراچی میں متعین جاپان کے قونصل جنرل جناب MASAHARO SATO اور وائس قونصل جناب TSU YUSHI HIKITA بھی موجود تھے۔ معزز مہمان گرامی خورشید بیگم میموریل ہال پہنچنے پر ان کا استقبال متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وحق پرست صوبائی وزراء سید شعیب احمد بخاری، ڈاکٹر صغیر احمد، رضا ہارون اور کنور خالد یونس نے کیا۔ ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں ہوئی جس میں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ایم کیو ایم کی ایک مختصر تاریخ پیش کی اور دوطرفہ رابطوں پر زور دیا۔ بعدازاں کراچی اور پاکستان کی معاشی ترقی کیلئے مفید تجاویز بھی دیں۔ رابطہ کمیٹی نے ارکان نے مزید کہا کہ کراچی کے معاشی انفرااسٹرکچر کیلئے یہاں صنعت کاری کی زبردست گنجائش ہے اور یہاں باصلاحیت فنی ماہرین کی وافر تعداد موجود ہے لہٰذا جاپان کے صنعت کار اس فیلڈ میں سرمایہ کاری کر سکتے ہیں۔ بعدازاں ملاقات کے اختتام پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جاپانی مہمانوں کو ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی ''تصویری سوانح حیات'' بھی پیش کی جسے جاپانی وفد نے باخوشی وصول کیا اور ایم کیو ایم کا شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆